سوال

نمازِجنازہ میں تاخیر سے ملنے والا شخص کیا کرے ؟

جواب

نمازجنازہ میں تاخیر سے ملنے والا شخص السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا سوال یہ ہے کہ نمازجنازہ شروع ہوچکا ہے ۔ ایک یا دوتکبیرات پڑھی جاچکی ہیں ۔ ایک شخص تاخیر سے آکر ملتا ہے ۔ امام کے سلام پھیرنے کے بعد تاخیر سے ملنے والا شخص اب کیا کرے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! نمازجنازہ میں تاکیر سے ملنے والے ش خص کوچاہیے کہ وہ امام کے ساتھ مل جانے والی تکبیرات امام کے ساتھ ہی پڑھ لے جبکہ امام کے سلام پھیرنے پر اپنی بقیہ تکبیرات کو مکمل کرلے ،اورجنازہ اٹھنے سے پہلے پہلے سلام پھیرلے ۔ سعودی عرب کی لجنہ دائمہ کا یہی موقف ہے ۔ (اللجنۃ الدائمۃ للإفتاء (8/399)) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی